SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)

PRESS RELEASE
For immediate release
June 19, 2026

SECP to Develop Future-Ready Financial Talent Through IFMP

KARACHI, June 19: The Chairman, Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), Dr. Kabir Ahmed Sidhu, said that developing a new generation of skilled financial professionals, informed investors, and financially aware citizens is critical to strengthening Pakistan's financial sector, deepening capital markets, expanding investor participation, and driving sustainable economic growth.

He was chairing a meeting to review the performance and future direction of the Institute of Financial Markets of Pakistan (IFMP). The meeting discussed a reform agenda aimed at transforming IFMP into a modern, industry-driven institution focused on talent development, investor education, and financial literacy. The meeting was attended by SECP Commissioner (Securities Market Division) Mr. Muhammad Ali Farid Khwaja, Executive Director/Special Adviser Mr. Imran Inayat Butt, CEO IFMP Dr. Mubashir Sadiq, and senior officials. Chairman State Life Insurance Corporation (SLIC) Mr. Shoaib Javed Hussain also participated in the discussions as a special invitee.

Dr. Sidhu said the time had come to reposition IFMP to meet the evolving needs of Pakistan's financial sector. He said the Commission envisages IFMP as a leading national institution for industry-driven and market-focused talent development, moving beyond standalone training programs towards a comprehensive ecosystem serving investors, financial professionals, market intermediaries, and students.

Dr. Mubashir Sadiq briefed the meeting on IFMP's operations, financial sustainability model, training programs, certifications, and overall performance. He highlighted that IFMP is a self-sustaining institution funded primarily through professional certification and training courses and shared proposals to further strengthen its academic and professional standing.

During the discussion, Mr. Shoaib Javed Hussain proposed a strategic partnership between SLIC and IFMP to train insurance professionals and field agents, highlighting the need for structured capacity-building across Pakistan's insurance sector. To implement the reform agenda, Dr. Sidhu directed SECP and IFMP teams to work closely together and prepare a detailed roadmap with clear timelines, priorities, and measurable outcomes for consideration by the Commission.

SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)

PRESS RELEASE
For immediate release
June 19, 2026

مالیاتی شعبے کے لیے جدید تقاضوں کے مطابق پروفیشنلز تیار کریں گے: چیئرمین ایس ای سی پی

کراچی، 19 جون: سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے چیئرمین ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے کہا ہے کہ فن ٹیک کی سکلز رکھنے والے پروفیشنلز، باخبر سرمایہ کاروں اور مالیاتی شعور رکھنے والے شہریوں کی نئی نسل تیار کرنا پاکستان کے نان بینکنگ فنانشل سیکٹر اور کیپیٹل مارکیٹ کو وسعت دینے اور پائیدار ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔

ڈاکٹر کبیر انسٹیٹیوٹ آف فنانشل مارکیٹس آف پاکستان (آئی ایف ایم پی) کی کارکردگی اور انسٹی ٹیوٹ میں اصلاحات کے پروگرام کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔

اجلاس میں ایس ای سی پی کے کمشنر سیکیورٹیز مارکیٹ علی فرید خواجہ، ایگزیکٹو ڈائریکٹر عمران عنایت بٹ، انسٹی ٹیوٹ کے چیف ایگزیکٹو مبشر صادق اور دیگر سینئر حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کے چیئرمین شعیب جاوید حسین بھی شریک ہوئے۔

ڈاکٹر کبیر سدھو نے کہا کہ پاکستان کے مالیاتی شعبے کی بدلتی ہوئی ضروریات کے مطابق فنانشل مارکیٹ کے انسٹی ٹیوٹ کو از سرِ نو منظم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ انسٹی ٹیوٹ کو انڈسٹری اور مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ٹیلنٹ ڈویلپمنٹ کا مرکز بنایا جائے گا جو روایتی تربیتی پروگراموں سے آگے بڑھ کر سرمایہ کاروں، مالیاتی ماہرین، مارکیٹ کے اداروں اور طلبہ کے لیے ایک جامع تعلیمی و تربیتی اور اسکلز ڈویلپمنٹ کا پلیٹ فارم فراہم کرے۔

ڈاکٹر مبشر صادق نے اجلاس کو ادارے کی موجودہ سرگرمیوں، مالیاتی خود انحصاری کے ماڈل، تربیتی پروگراموں، سرٹیفکیشن کورسز اور مجموعی کارکردگی پر بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ آئی ایف ایم پی ایک خودکفیل ادارہ ہے جو بنیادی طور پر پیشہ ورانہ تربیت اور سرٹیفکیشن پروگراموں سے حاصل ہونے والی آمدن پر کام کر رہا ہے۔ انہوں نے ادارے کی تعلیمی اور پیشہ ورانہ حیثیت کو مزید مستحکم بنانے کے لیے مختلف تجاویز بھی پیش کیں۔

اجلاس کے دوران جناب شعیب جاوید حسین نے اسٹیٹ لائف اور آئی ایف ایم پی کے درمیان شراکت داری کی تجویز دی تاکہ انشورنس کے شعبے سے وابستہ پیشہ ور افراد اور فیلڈ فورس کی منظم تربیت کو فروغ دیا جا سکے۔

چیئرمین ایس ای سی پی نے اصلاحاتی ایجنڈے پر عمل درآمد کے لیے ایس ای سی پی اور آئی ایف ایم پی کے حکام کو باہمی تعاون سے ایک جامع اور قابلِ عمل روڈمیپ تیار کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ادارے میں اصلاحات کے لیے واضح ترجیحات، ٹائم لائنز اور واضح اہداف مقرر کیے جائیں۔